Nestlé Good food, Good life

Press Release

Lahore, October 19, 2023

نیسلے پاکستان کا مالی سال 2023 کی تیسری سہ ماہی کیلئے مالیاتی نتائج کا اعلان

لاہور 19 اکتوبر، 2023

نیسلے پاکستان نے مالی سال 2023 کی تیسری سہ ماہی کیلئے 151,153ملین روپے کی آمدن کا اعلان کیا ہے جو گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 24.9فیصد زیادہ ہے۔آمدن میں اضافہ مصنوعات کی طلب میں اضافہ اور صارفین کو راغب اور برقراررکھنے کیلئے تشہیری سرگرمیوں سے منسوب کیا جاسکتا ہے۔

نتائج کا اعلان نیسلے پاکستان کے ہیڈ آفس میں منعقدہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کے اختتام پر کیا گیا۔

افراط زر کی بلند شرح اور درآمدات کیلئے غیر ملکی زرمبادلہ کی محدود دستیابی کے باوجود کمپنی کی طرف سے فکسڈ لاگتوں پر سخت کنٹرول اور خام اور پیکیجنگ کی مقامی سطح پر تیاری پر توجہ مرکوز کرنے کی وجہ سے آپریٹنگ منافع بہتر ہوا۔

کمپنی بقیہ سال کیلئے ترقی کے بارے میں محتاط انداز میں پرامید ہے۔ کمپنی مالی طورپر مستحکم رہنے اور قومی معیشت میں حصہ ڈالنے کیلئے برآمدات میں اضافہ پر توجہ مرکوز کرے گی۔ کمپنی صارفین کی خوشی اور اطمینان کیلئے اعلیٰ معیار کی مصنوعات کی فراہمی جاری رکھے گی۔